سلام

شہدائے ختم نبوت 1953ء

بنتِ امیرِ شریعت سیدہ اُمِّ کفیل مدظلہا

سیّدِ الکونین کے سب جاں نثاروں کو سلام
دین کے اُن اوّلیں بنیاد کاروں کو سلام

سربکف قرآں بلب رہتے تھے جو گردِ نبی
بدر کے اُن تین سو تیرا ستارو ں کو سلام

رات کو تھیں سجدہ گاہیں دیدۂ گریاں سے تَر
صُبحدم جنگاہ میں ، اُن شہسواروں کو سلام

ہم تو ہیں ہی نام لیوا' معترف منکر بھی ہیں
اُن جگرداروں، شہیدوں، جاں سپاروں کو سلام

گولیوں سے بھون ڈالا جن کو اعظم خان☆ نے
اُن کی روحوں پر سلام' اُن کے مزاروں کو سلام

(دارِ بنی ہاشم' اگست 2003ء)

☆ جنرل اعظم خان، جس کے مارشل لائی حکم پر 1953ء کی تحریک تحفظ ختم نبوت میں لاہور میں سینکڑوں مسلمان شہید کردیئے گئے۔